NYC
Human Resources Administration
Department of Social Services
Department of Homeless Services
Bill de Blasio
Mayor
Steven Banks
Commissioner

# پاتھوے ہوم کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات

1. **"پاتھوے ہوم" کیا ہے؟**
پاتھوے ہوم سٹی کا ایک پروگرام ہے جو ان خاندانوں یا افراد کو، جو کم از کم 90 دنوں تک پناہ گاہ میں رہے ہوں، **یا** ان کے پاس CITYFEPS یا SEPS کے ریفرل ہوں، انھیں اپنے ذاتی گھر کی تلاش کرنے کے قابل بناتا ہے جب کہ وہ فیملی یا دوستوں ("میزبان") کے ساتھ رہتے ہیں۔ سٹی میزبان کو اس وقت تک ماہانہ ادائیگی بھیجے گا جب تک گاہک رہائش گاہ میں رہے گا۔

2. **میں پاتھوے ہوم کے لیے کیسے درخواست دوں؟**
درخواست حاصل کرنے کے لیے اپنے کیس مینیجر یا ہاؤسنگ کے ماہر سے بات کریں۔

3. **میں نقد امداد کے لیے اہل نہیں ہوں۔ کیا میں پاتھوے ہوم کے لیے درخواست دے سکتا ہوں؟**
جب تک آپ کی فیملی میں کوئی بھی نقد امداد وصول کرتا ہے، تب تک آپ **پاتھوے ہوم** کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کی میزبان فیملی کے ذریعہ وصول کی گئی ماہانہ ادائیگی آپ کے نقد امداد کے گھرانے کے سائز پر مبنی ہوگا۔

4. **اگر میرے پاس پہلے سے ہی کوئی LINC واؤچر یا CITYFEPS یا SEPS کا ریفرل موجود ہو تو کیا کروں؟ کیا میں پاتھوے ہوم کے لیے درخواست دے سکتا ہوں یا کیا میں اپنے واؤچر کو کھو دوں گا؟**
اگر آپ فی الحال CITYFEPS،LINC یا SEPS کے اہل ہیں، تو آپ پاتھوے ہوم میں رہنے کے وقت کے دوران سٹی کی کرایہ داری کی معاونت کے ساتھ اپنے ذاتی اپارٹمنٹ میں منتقل ہونے کی اپنی اہلیت سے محروم نہیں ہوں گے جب تک آپ پروگرام کی اہلیت کے تقاضوں کو پورا کرتے رہیں گے۔ جب آپ کو کوئی اپارٹمنٹ مل جائے، تو HOMEBASE کے ساتھ اپائنٹمنٹ شیڈول کریں، اور عملہ آپ کی اہلیت کی تصدیق کرے گا اور آپ کے ذاتی اپارٹمنٹ میں منتقلی کے لیے ضروری کاغذی کارروائی کی تیاری کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

5. **میرے پاس CITYFEPS ،LINC، یا SEPS نہیں ہے۔ کیا میں پاتھوے ہوم میں منتقل ہو سکتا ہوں؟**
ہاں۔ کوئی بھی شخص جو کم از کم 90 دنوں تک پناہ گاہ میں رہا ہو وہ پاتھوے ہوم کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

6. **پاتھوے ہوم کے لیے گاہک کا حصہ کیا ہے؟**
گاہک کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ جب آپ کو اپنا ذاتی اپارٹمنٹ مل جائے، تو اگر آپ کسی پروگرام میں ہیں، آپ اپنے ماہانہ حصہ کے بارے میں اطلاع حاصل کریں گے۔

7. **کیا مجھے پاتھوے ہوم کے ساتھ کوئی رقم ملتی ہے؟**
آپ اور آپ کے میزبان میں سے <u>ہر ایک</u> کو <u>$500 کا گفٹ کارڈ</u> موصول ہوگا۔ اس کے علاوہ، آپ کے میزبان کو **<u>آپ کے</u>** نقد امداد کے گھرانے کے سائز کی بنیاد پر ماہانہ ادائیگی موصول ہوگی **اور** اس بنیاد پر کہ آپ کا میزبان نقد امداد وصول کرتا ہے یا نہیں۔ ادائیگی 12 مہینوں تک کی جائے گی۔

| **میزبانوں کے لیے ماہانہ ادائیگی - جو نقد امداد <u>نہیں حاصل کر رہے ہوں</u>** | | | |
|---|---|---|---|
| نقد امداد کی فیملی کا سائز | 1 یا 2 لوگ | 3 یا 4 لوگ | 5 یا اس سے زیادہ لوگ |
| ماہانہ ادائیگی کی رقم | $1200 | $1500 | $1800 |

| **میزبانوں کے لیے ماہانہ ادائیگی - جو نقد امداد <u>حاصل کر رہے ہوں</u>** |
|---|
| سٹی میزبان کے پناہ گاہ کے الاؤنس اور ماہانہ کرایہ کی ذمہ داری کے درمیان کے فرق کو ادا کرے گا۔ یہ رقم ہر میزبان فیملی کے لیے مختلف ہوگی، جو اوپر ذکر کی گئی رقم تک ہوگی۔ |

اگر آپ کی میزبان فیملی کی رہائش کرایہ مستحکم شدہ یا کرایہ کنٹرول شدہ ہے تو اضافی پابندیاں لاگو ہوں گی۔

8. **ہم اپنا گفٹ کارڈ کب حاصل کریں گے؟**

جب آپ اپنے پاتھوے ہوم کی اہلیت کا خط وصول کریں گے، تو آپ HOMEBASE کا ریفرل بھی وصول کریں گے۔ آپ اور آپ کے میزبان کو HOMEBASE کے دفتر پر ابتدائی اپائنمنٹ لینے کی ضرورت ہوگی۔

آپ کو اپنے HOMEBASE اپائنٹمنٹ کے لیے مندرجہ ذیل دستاویزات لانے کی ضرورت ہوگی:

a. پاتھوے ہوم کا ریفرل
b. گھرانے کے ہر رکن کا شناختی کارڈ
c. گھرانے کے ہر کام کرنے والے رکن کی آمدنی کا ثبوت (حالیہ ادائیگی کی رسیدیں جس پر HOMEBASE اپائنٹمنٹ سے 30 دنوں کے اندر کی تاریخ ہونی چاہئے)
d. اگر آپ SSI/SSD پر ہیں، تو اپنا SSI/SSD ایوارڈ کا خط لائیں (جس پر گزشتہ سال کے اندر کی تاریخ ہونی چاہئے)۔

آپ کے میزبان کو HOMEBASE اپائنٹمنٹ کے لیے مندرجہ ذیل دستاویزات لانے کی ضرورت ہوگی:

a. تصویر کا شناختی کارڈ
b. رہائش گاہ کا ثبوت جیسے مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک:
   i. موجودہ لیز جس پر کرایہ دار اور مالک مکان/انتظامی دفتر کا دستخط ہو اور تاریخ ڈالی گئی ہو
   ii. قبضے کا معاہدہ جس پر تمام پارٹیوں کا دستخط ہو اور تاریخ ڈالی گئی ہو
   iii. تیسری پارٹی کی طرف سے تصدیق شدہ خط

آپ اور آپ کے میزبان کی طرف سے مناسب دستاویزات جمع کرنے کے بعد، آپ میں سے ہر ایک کو 500$ کا گفٹ کارڈ موصول ہوگا۔ اگر آپ کے پاس تمام درج کردہ دستاویزات نہیں ہیں، تب بھی HOMEBASE آپ سے ملاقات کرے گا اور انہیں حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

9. **ہمارے میزبان کو کتنی بار ادائیگی کی جائے گی؟**

سٹی آپ کے میزبان کو 12 مہینوں تک ماہانہ ادائیگی کرے گا جب تک آپ وہاں رہنا جاری رکھیں گے۔ اگر پناہ گاہ سے باہر نکلنے کے بعد آپ یا آپ کے میزبان کے پاس ادائیگی کے بارے میں کوئی سوالات ہیں، تو 0043-221 (929) پر کال کریں۔

10. **کیا پاتھوے ہوم کے ساتھ رہنے والے گاہکوں کے لیے HRA کا فرنیچر الاؤنس دستیاب ہے؟**

نہیں، آپ فرنیچر الاؤنس نہیں وصول کریں گے۔

11. **پاتھوے ہوم پروگرام کتنے وقت تک رہتا ہے؟**

سٹی آپ کے میزبان کو 12 مہینوں تک ادائیگی کرے گا۔ ان 12 مہینوں کے دوران، آپ کو ہاؤسنگ کی تلاش کرنی چاہئے تاکہ آپ اپنے ذاتی اپارٹمنٹ میں منتقل ہو سکیں۔

12. **اگر مجھے 12 مہینوں کے بعد بھی اپارٹمنٹ نہیں ملتا ہے تو کیا ہوگا؟**

اگر آپ کو 12 مہینوں کے اندر اپارٹمنٹ نہیں ملتا ہے، تو آپ اپنے ہاؤسنگ کے اختیار کا اندازہ کرنے کے لیے HOMEBASE کے ساتھ اپائنٹمنٹ شیڈول کر سکتے ہیں۔

13. **میری دوست پانچ بوروز میں سے ایک میں نہیں رہتی ہے لیکن کہتی ہے کہ میرا بیٹا اور میں اس کے ساتھ منتقل ہو سکتے ہیں۔ کیا میں پاتھوے ہوم کے ساتھ منتقل ہو سکتا ہوں اور سٹی میں LINC، CITYFEPS، یا SEPS اپارٹمنٹ تلاش کر سکتا ہوں؟**

نہیں، پاتھوے ہوم کو پانچ بوروز کے باہر استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، اگر آپ نے پانچ بورو کے باہر رہنے کے لئے کسی ممکنہ جگہ کی شناخت کر لی ہے، تو براہ مہربانی ہمیں بتائیں اور ہم دیکھیں گے کہ کیا کوئی مدد موجود ہے جو ہم آپ کو فراہم کر سکتے ہیں۔

## میزبان فیملی سے متعلق سوالات

14. **کیا معائنے کی ضرورت ہوگی؟**
ہاں، DHS کا عملہ میزبان فیملی کے رہائش گاہ کے زندگی کے تحفظ کے معائنہ اور بہت زیادہ بھیڑ کا اندازہ کرے گا۔ DHS کے انسپکٹر اس بات کا تعین کرنے کے لیے اپارٹمنٹ کا جائزہ لیں گے کہ کیا کچھ معیارات پورے کیے جاتے ہیں، بشمول کیا کھڑکیاں کام کرتی ہیں اور اچھی حالت میں ہیں، کیا وہاں صاف ستھرا گرم اور ٹھنڈا پانی ہے، کیا وہاں کوئی کھلے ہوئے تار ہیں، کیا وہاں کام کرنے والے دھوئیں اور کاربن مونو آکسائڈ کے ڈٹیکٹر انسٹال کیے گئے ہیں اور کام کر رہے ہیں، اور (صرف بچوں والے خاندانوں کے لیے) کیا کھڑکیوں کے جنگلے درست ہیں۔ زیادہ بھیڑ کا اندازہ کرنے کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ میزبان فیملی کی رہائش گاہ میں بہت زیادہ بھیڑ نہیں ہوگی جب DHS کا گاہک وہاں منتقل ہوگا۔ اندازے میں یہ دیکھنا شامل ہوتا ہے کہ میزبان فیملی کی رہائش گاہ میں کتنے لوگ رہتے ہیں، ان کی عمر اور جنس، اور سونے کے انتظامات۔

15. **میزبان کو IRS W-9 فارم کیوں مکمل کرنا پڑتا ہے، اور اس کے اثرات کیا ہے؟**
میزبان کو ممکل شدہ IRS فارم W-9 جمع کرنا اس لیے ضروری ہوتا ہے کیونکہ پاتھوے ہوم کی ماہانہ ادائیگی براہ راست میزبان کے پاس جاتی ہے اور اسے ٹیکس کے قابل آمدنی سمجھی جاتی ہے۔

16. **کیا کوئی میزبان سوشل سیکورٹی نمبر یا انفرادی ٹیکس کی شناخت کا نمبر رکھے بغیر پاتھوے ہوم میں شرکت کر سکتا ہے؟**
نہیں۔ پاتھوے ہوم میزبان سے یا تو سوشل سیکورٹی نمبر یا انفرادی ٹیکس کی شناخت کا نمبر فراہم کرتے ہوئے IRS فارم W-9 مکمل کرنے کا تقاضہ کرتا ہے۔ اس طرح، کوئی میزبان جس کے پاس سوشل سیکورٹی نمبر یا انفرادی ٹیکس کی شناخت کا نمبر نہیں ہے اسے پروگرام کے لیے منظور نہیں کیا جائے گا۔

17. **میزبان کے سبھی بالغ فیملی کے افراد کے ACS کلیرنس یا جنسی مجرم کا رجسٹری چیک کروانا کیوں ضروری ہوتا ہے؟**
یہ صرف بچوں والے خاندانوں پر لاگو ہوتا ہے۔DHS خاندانوں اور ان کے بچوں کے تحفظ کے لیے فکرمند ہے اور میزبان کے سبھی بالغ فیملی کے افراد کی تحریری رضامندی کے بعد، ACS کلیرنس اور جنسی مجرم کا رجسٹری چیک کرے گا۔ میزبان ACS کلیرنس کے نتیجے کے طور پر ایک کھلا ہوا ACS کیس رکھنے کا تابع نہیں ہوگا۔ ان کلیرنس سے DHS کو اس بات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی کہ کیا میزبان فیملی کی رہائش گاہ محفوظ اور مناسب ہے۔

18. **اگر میزبان فیملی کا کوئی رکن ACS کلیرنس یا جنسی مجرم کے چیک کے لیے رضامندی نہیں فراہم کرتا ہے تو کیا ہوگا؟**
یہ چیک صرف بچوں والے خاندانوں پر لاگو ہوتے ہیں۔ جنسی مجرم کی رجسٹری ایک عوامی ریکارڈ ہوتا ہے اور اس کے لیے کسی شخص کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ تاہم، میزبان فیملی کے 18 سال یا اس سے زیادہ عمر (اور 18 سال سے کم عمر کے تمام بچوں کی جانب سے) کے تمام ارکان کی ACS کلیرنس کے لیے رضامندی کے بغیر، میزبان فیملی پاتھوے ہوم میں شرکت کرنے کے قابل نہیں ہوگی۔

19. **کیا کسی ایسی میزبان فیملی کے ساتھ منتقل ہونے کے لیے پاتھوے ہوم کا استعمال کیا جا سکتا ہے جس کے پاس سبسڈی یافتہ اپارٹمنٹ ہو؟**
براہ مہربانی ہمیں بتائیں کہ آپ کا ممکنہ میزبان کون سی سبسڈی حاصل کر رہا ہے۔ ہم اس بات کی تصدیق کریں گے کہ آیا پاتھوے ہوم سبسڈی کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔

20. **میرا ایک دوست ہے جو اپنا اپارٹمنٹ مجھے کرایہ پر دینا چاہتا ہے۔ کیا اس کی اجازت ہے؟**
نہیں، میزبان کو یونٹ میں رہنا ضروری ہے تاکہ وہ پاتھوے ہوم کی مناسب رہائش گاہ بن سکے۔